کتاب میں "اشاریہ" کی کمی بطور خاص کھٹکتی ہے۔ "اشاریہ" بلکہ "اشاریے" علمی کتابوں کے لیے ناگزیر ہیں۔ ادارہ ثقافت اسلامیہ کے ارباب بست وکشاد سے التماس ہے کہ وہ اپنی مطبوعات میں اس علمی روایت کو اپنائیں۔

(۵)

خطباتِ مدراس

مؤلف	سید سلیمان ندوی ؒ
ناشر	گلستان پبلی کیشنز۔ ۴۰ اُردو بازار لاہور
صفحات	۵۸
قیمت	۳/۵۰ روپے

سید سلیمان ندوی مرحوم کو سیرت نگاری سے خاص مناسبت تھی۔ انھوں نے نہ صرف اپنے استاد علامہ شبلی نعمانی کی ادھوری "سیرت النبی" کو مکمل کیا بلکہ "رحمتِ عالم" اور "خطباتِ مدراس" کے نام سے دو مستقل بالذات کتابیں لکھیں۔ اول الذکر تالیف، بچوں اور کم تعلیم یافتہ حضرات کے لیے لکھی گئی اور زیرِ نظر "خطباتِ مدراس" اہل علم وفضل کے لیے دعوتِ غور وفکر ہے۔

"خطباتِ مدراس" کا سببِ تالیف یہ ہے کہ ۱۹۲۵ء میں سید صاحب نے مدراس میں سیرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر آٹھ خطبات دیے۔ ان خطبات کے مخاطب مسلمانوں کے علاوہ ہندو اور عیسائی بھی تھے۔ چنانچہ خطبات میں اس بات کو پیش نظر رکھا گیا ہے کہ عقیدت اور تحقیق و استدلال پہلو بہ پہلو رہیں۔

سید صاحب کی یہ کتاب جامعیت اور دلپذیر اندازِ بیان کی وجہ سے بہت مقبول ہے۔ اس لیے کئی ایڈیشن چھپے ہیں۔ زیرِ نظر ایڈیشن "گلستان پبلی کیشنز" کے جدیدی سلسلہ کی پہلی کتاب ہے۔ امید ہے یہ ایڈیشن بھی حسبِ سابق اپنا کردار ادا کرے گا۔

(۶)

انسانیت موت کے دروازہ پر

مؤلف:	مولانا ابوالکلام آزاد
ناشر	گلستان پبلی کیشنز۔ ۴۰ اردو بازار لاہور
صفحات: ۴۵	قیمت : ۳/- روپے

مولانا ابوالکلام آزاد کا "ہفت روزہ الہلال" برصغیر کے مسلمانوں کی قومی بیداری میں ایک سنگِ میل